ISSUANCE OF NEW IDENTITY CARDS

246. ***Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel:** Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the government has decided to issue new Identity Cards; and

(b) whether it is also a fact that the government is considering to fix a fee of Rs. 25 and Rs. 30 per card, if so, the reason thereof?

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Answered by Mr. Wasim Sajjad) : (a) No.

(b) No.

جناب چیئرمین ۔ ضمنی سوال؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل ۔ کیا وزیر متعلقہ یہ بیان فرمائیں گے کہ آئندہ کوئی ایسا منصوبہ زیر غور ہے
یعنی شناختی کارڈ کو تبدیل کرنے یا رقم دلانے کا؟

Mr. Wasim Sajjad: Sir, there is no proposal for changing the identity cards but there is a proposal under consideration for automation of the project in the Registration Organization and if that is undertaken then there is also a proposal that in that event we should charge some fee so that it becomes a self-financing project.

Mr. Chairman: But no decision has been taken on that?

Mr. Wasim Sajjad: Yes, Sir. No decision has been taken. It is still under consideration.

جناب چیئرمین: اور کوئی ضمنی سوال ؟ نہیں ہے۔ اگلا سوال ۲۴۷ جناب عبدالرحیم میر داد خیل صاحب۔

BAN ON THE UNION OF EMPLOYEES OF P.T.V.

247. ***Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel:** Will the Minister for Information and Broadcasting be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the government to lift the ban imposed upon the formation of a union of employees of Pakistan Television?

Kazi Abdul Majid Abid: There is no proposal under consideration of the government for lifting the ban imposed upon the formation of a union of employees in PTV.

جناب چیئرمین: ضمنی سوال ؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: کیا وزیر محترم یہ بیان فرمائیں گے کہ آخر وہ کون سی وجوہات ہیں کہ اس اہم ادارے میں محنت کشوں کو جو قانونی مراعات حاصل ہونی چاہیئے اور جس میں یونین کا حصہ بھی ہونا چاہیئے ان سے یہ حکومت کیوں انہیں محروم رکھنا چاہتی ہے ؟

جناب چیئرمین: جناب قاضی صاحب۔

قاضی عبدالمجید عابد: جناب والا! جواب اس کا مشکل نہیں ہے once burnt twice shy. کا معاملہ ہے تو پوزیشن یہ ہے کہ پاکستان ٹیلی ویژن میں سات یونینیں تھیں جن میں سے پانچ ٹیلی ویژن سنٹروں کی اور ایک ایک Central Sales Officers TV

Headquarters کی ۔ ان سات یونینوں کے عہدیداروں نے پی ٹی وی
کا ماحول اس قدر پراگندہ کر دیا تھا کہ انتظامیہ کے لئے اس ادارے کا نظم وضبط کے ساتھ
چلانا تقریباً ناممکن ہوگیا تھا۔ یہ یونین لیڈر نہ صرف خود نظم وضبط کی پابندی کرتے تھے
بلکہ کارپوریشن کے دوسرے ملازمین کو بھی تخریبی سرگرمیوں پر اکساتے تھے یہ لوگ ٹی
وی سنٹروں پر دندناتے پھرتے تھے اور کسی کی بھی پگڑی اچھالنے سے گریز نہیں کرتے تھے
یہ عہدے دار متعلقہ حکام کی اجازت حاصل کئے بغیر آئے دن کارپوریشن کے احاطے میں جنرل
باڈی کا طویل اجلاس جاری رکھتے تھے۔ ان اجلاسوں میں یہ
لوگ انتظامیہ کے خلاف اشتعال انگیز اور ہتک آمیز تقریریں کرتے اور حکومت
پر کیچڑ اچھالتے تھے۔ انہوں نے انتظامیہ کو اس قدر مرعوب کر رکھا تھا کہ کسی کو ان کے خلاف کوئی کارروائی
کرنے کی ہمت تک نہ پڑتی تھی۔ ان کا رویہ نامعقولیت کی اس حد تک جا پہنچا تھا کہ وہ جب چاہتے
چیئرمین، مینجنگ ڈائریکٹر، ڈائریکٹروں اور مینجروں کو ٹی وی سنٹروں میں داخل ہونے سے روک
لیتے تھے۔ اور مینجر تک کو اپنی مرضی سے ٹرانسفر کرا لیتے تھے اور ملازمین میں سے جس کو چاہتے
اور جہاں چاہتے تبدیل کرا لیتے اور ترقی دلا دیتے۔ ان حالات میں یونین لیڈروں نے ۱۶ فروری
۷۸ء کو پانچ میں سے چار ٹی وی سنٹروں پر غیر قانونی طور پر قبضہ کر لیا اور جنرل مینجروں
اور کئی شعبوں کے سربراہوں کو ٹی وی سنٹروں سے نکال باہر کیا اپنی نوعیت کی اس انوکھی
واردات پر حکومت نے ۱۶ اور ۱۷ فروری ۷۸ء کی درمیانی رات کو کئی ملازمین کو جو لاہور،
پنڈی، کوئٹہ، پشاور کے ٹی وی سنٹروں پر غیر قانونی قبضے کے واقعہ میں ملوث تھے
پی ٹی وی کے ملازمین پر سرسری سماعت کی فوجی عدالتوں میں مقدمہ چلایا گیا۔ جنہوں نے ۲۸
ملازمین کو ایک ایک سال قید بامشقت کی سزا سنائی ان یونینوں کے جو ممبر گرفتار نہیں کئے
گئے تھے انہوں نے عام ہڑتال کر دی۔ جس کے نتیجے میں کراچی کے سوا چار ٹی وی سنٹروں کو
حکومت نے اپنی تحویل میں لے لیا۔ ان حالات کے پیش نظر صدر پاکستان نے ۱۸ اپریل ۱۹۷۸ء
کو ایک آرڈیننس کے ذریعے صنعتی تعلقات کے آرڈیننس ۱۹۷۲ء میں ترمیم کرتے ہوئے
پی ٹی وی اور پی بی سی کو اس آرڈیننس سے مستثنیٰ قرار دے دیا۔ جس کے نتیجے میں ان اداروں
سے ۱۶ فروری ۷۸ء سے یونین کی سرگرمیوں اور تشکیل پر پابندی عائد ہوگئی ہے۔ امپلائز
یونین پر پابندی کے بعد سے پی ٹی وی نے ملازمین کے حقوق کے تحفظ اور ان کی جائز مشکلات

دور کرنے کے لئے ایک نظام وضع کیا ہے۔ اس مقصد کے لئے تمام ٹیلی ویژن سنٹروں اور دوسرے دفتروں میں ویلفیئر کمیٹیاں قائم کی گئی ہیں۔ اس سلسلے میں اگر کوئی مسئلہ ویلفیئر کمیٹی کے ذریعے طے نہ کیا جا سکے تو پی ٹی وی کے ملازمین پی ٹی وی کے ہر مزدور کو مطابق اپنی شکایات کے ازالے کے لئے اعلیٰ حکام سے رجوع کر سکتے ہیں۔ یونینوں پر پابندی کے بعد سے پی ٹی وی نے اپنے ملازمین کی تنخواہوں کے سکیلز پر نظر ثانی کی۔ انڈیکسیشن کی غرض سے سرکاری طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ پی ٹی وی آئندہ بھی ملازمین کے فائدہ کے لئے یہ سلسلہ جاری رکھے گی۔

اس کے علاوہ پاکستان ٹیلی ویژن اپنے ملازمین کو گزشتہ کئی برسوں سے بونس دے رہا ہے۔ لیکن اگر پھر بھی کسی بھی ملازم کی جائز شکایت ہے تو میرے دروازے اس کے لئے کھلے ہیں۔ باقی اس تجربے کے بعد یونین اب نہیں بننے دیں گے۔ ٹی وی پر قبضہ کر کے کوئی بھی اعلان کر سکتا ہے یا براڈ کاسٹنگ پر قبضہ کر کے بغاوت بھی کی جا سکتی ہے۔ اس لئے ان حالات میں یہ ملکی مفاد میں نہیں ہوگا۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ جناب میرداد خیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب چیئرمین، وزیر محترم نے جو لمبی چوڑی تقریر کی ہے۔

~ مزدور کی عظمت کو ترازو میں نہ تولو
مزدور تو ہر دور میں انمول رہا ہے

لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ مزدور کی برکت ہے کہ اتنی بہترین بلڈنگ میں آپ بیٹھے ہیں۔ جہاں تک اختلافات کا تعلق ہے تو یہ بشریت کا تقاضا ہے۔ واقعی یہ اختلافات ہو سکتے ہیں۔ لیکن اختلافات اتنے نہیں ہیں۔ جہاں تک ان کے اعلانات کا تعلق ہے تو وزیروں میں آپس میں کتنے اختلافات ہیں۔ آپ دیکھ رہے ہیں کہ صوبہ سرحد کی کابینہ کو ختم کر دیا گیا۔

جناب چیئرمین : اس کا کوئی تعلق اس سوال سے نہیں ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: میں سوال یہ کر رہا ہوں کہ یہ حکومت کی ناکامی ہے وہ اتنے ناکام ہو چکے ہیں کہ کہتے ہیں کہ ٹیلی ویژن پر مزدور حکمرانی کا اعلان کر دیں گے۔ ایسا نہیں ہے یہ بات اصل میں یہ ہے جس طرح سٹیل مل میں، مزدور ہیں، ہماری فیڈریشن ہے باقاعدہ وہ کام کر رہی ہے۔ ریلوے میں ہم سی بی اے ہیں۔ ہر مزدور یونین کو حق پہنچتا ہے۔ یہ نہیں ہے کہ آپ اس کو پائمال کر دیں۔ یہ حقیقت سے تعلق نہیں رکھتا۔

جناب چیئرمین: شکریہ! دونوں طرف سے سوال وجواب ہو گئے۔ میرے خیال میں

That should be the end of the matter.

کوئسچن ! اس purpose کے لئے نہیں ہوتے۔

مولانا کوثر نیازی: جب وزیروں کو یونین بنانے کی اجازت نہیں دی تو ٹی وی والوں کو کیسے دے سکتے ہیں۔

جناب سلیم سیف اللہ خان: ضمنی سوال جناب۔

جناب چیئرمین: جی فرمایئے۔

جناب سلیم سیف اللہ خان: جناب چیئرمین! کافی سوالات کے جوابات دیتا رہا ہوں۔ آج میں بھی ایک سوال پوچھنا چاہوں گا۔ کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ کیا یہ درست ہے کہ سابق صوبہ سرحد کی کابینہ میں وزراء نے ایک یونین بنائی تھی؟

Mr. Chairman: It has nothing to do with the question, I am sorry, the question does not arise.

جناب سلیم سیف اللہ خان: اگر وہاں یونین بن سکتی ہے ......

Mr. Chairman: The question does not arise. Next question Shaikh Ejaz Ahmad.

ESTABLISHMENT OF D.O.P. UNIT

*151. ***Shaikh Ejaz Ahmad** (Put by Syed Abbas Shah): Will the Minister for Industries be pleased to state whether it is a fact that government has restricted the establishment of a Dioctyle phthalate (D.O.P.) plant using intermediate chemicals as raw-material. If so, the reasons therefor, especially when an economically viable unit of D.O.P. based on basic chemicals would cost more than Rs. 300 million?

Ch. Shujat Hussain: A proposal regarding manufacture of D.O.P. based on imported raw materials was submitted to the government by Messrs Mian Nazir Chemicals. It was considered in the CIPC meeting. Since the project based on imported intermediate

does not contribute to the addition of value and to foreign exchange savings, it was returned to the sponsors advising that the project may be revised using local manufacture of phthalic anhydride in their project instead of imported raw material *i.e.* phthalic anhydride.

سید عباس شاہ: ضمنی سوال جناب؟

جناب چیئرمین: سید عباس شاہ صاحب۔

سید عباس شاہ: جناب آپ نے نوٹ کیا ہوگا کہ ان بیسک کیمیکلز سے جو پراجیکٹ بن رہا ہے وہ تیس کروڑ کا ہے۔

If there is no entrepreneur, of course, of capability of raising a plant of 30 crores.

تو کیا آپ intermediary chemicals پر ان کو allow نہیں کرینگے۔

کیونکہ انہوں نے یہ ثابت بھی کیا ہے کہ There is value added and it is adding to the economy of the country. کیا اسکو دوبارہ review کیا جائے گا

under this condition if they are adding to......

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا! ان پلانٹس میں فرق یہ ہے، جس کی منظوری دی گئی ہے اس میں imported liabilities کم ہیں۔ چہ جائیکہ جو دوسرا پلانٹ ہے جس کی نشاندہی معزز سینیٹر کر رہے ہیں۔ اسمیں imported liabilities پندرہ کروڑ ہیں۔ اور اس میں چھ کروڑ بنتی تھی اس لئے اس کو بھی کہا گیا کہ آپ اسی کیمیکل سے بنائیں انہوں نے کہا کہ یہ basic chemicals کا جو طریقہ کار ہے اسی سے اگر یہ تیار ہو تاکہ وہ جو درمیانہ کیمیکلز ہے جس سے یہ پلانٹ بنانا چاہتے تھے جن کو منظوری نہیں دی گئی ان کو بھی یہی کہا گیا ہے کہ آپ دوبارہ اس کو بنا کر ہمارے پاس لائیں تو دوبارہ اس پر غور کیا جائے گا۔

Mr. Chairman: I think the answer was quite clear that the project was based on imported intermediate product which do not contribute to the addition of value and to foreign exchange savings. **Now, if these two purposes are not achieved what is the use of setting up the factory.**

سید عباس شاہ:۔ انٹرمیڈیٹ میں بھی یہ فارن ایکسچینج سیونگ ہوسکتی ہے When you import ?

Mr. Chairman: It is a question of argument. What the Ministry is replying and what the Minister is replying is that there was no value added and there was no saving in foreign exchange and it is on that basis that they have taken a decision.

Syed Abbas Shah: Thank you Sir.

Mr. Chairman: Next question Shaikh Ejaz Ahmad on his behalf.

POLYESTER YARN MAKING PLANTS

152. ***Shaikh Ejaz Ahmad (Put by Syed Abbas Shah): Will the Minister for Industries be pleased to state whether it is a fact that government is refusing permission for the setting of polyester yarn making plants, based on polyester chips and insists on setting up plants based on basic, chemicals ; if so, the reasons therefor?

Ch. Shujat Hussain: Yes. The polyester yarn manufacturing using chips is less economical as compared to the manufacture through the basic chemicals. The government, therefore, have decided not to sanction the establishment of polyester yarn industries based on imported chips since March, 1984.

سید عباس شاہ:۔ کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ بیسک کیمیکلز سے تیار ہوتے والے کتنے پلانٹ ہیں پاکستان میں، اور chips سے تیار ہونے والے کتنے پلانٹ ہیں؟

جناب چیئرمین:۔ جناب چوہدری شجاعت حسین صاحب۔

چوہدری شجاعت حسین:۔ جناب والا! اس وقت تک دس پلانٹ ہمارے ملک میں کام کر رہے ہیں۔ لیکن علیحدہ علیحدہ اس لئے نہیں کئے جا سکتے کہ ان میں سے چار پلانٹ اس طرح کے ہیں کہ جنہوں نے پہلے polyester chips پر منظوری لی اس کے بعد انہوں نے اس میں expansion کی، انہوں نے کہا کہ ہم بیسک کیمیکلز

بنائیں گے۔ اس طرح چار پلانٹ اس طرح کے ہیں جو دونوں طریقے سے کام کر رہے ہیں باقی چھ کے بھی اسی طرح کے کچھ معاملات ہیں۔ بعض نے اپلائی کیا ہوا ہے کہ ہمیں polyester chips کی بجائے بیسک کیمیکلز پر بھی ایکسٹینشن دی جائے۔

سید عباس شاہ:۔ جناب! Plant Polyester امپورٹ کیا جا رہا ہے اور اس کی almost **value** دوسو کروڑ ہے۔

جناب چیئرمین:۔ جناب چوہدری شجاعت حسین صاحب۔

چوہدری شجاعت حسین:۔ جناب والا! وہی پلانٹ جن کو ۸۴ء سے پہلے اجازت دے چکے ہیں ان کے لئے ظاہر ہے کہ ابھی تک امپورٹ کیا جا رہا ہے۔

Mr. Chairman: So, this brings us to the end of the questions.

Mr. Wasim Sajjad: Sir, the answer to question No. 243 (c) about the Federal Service Tribunal, I think the question was Sir,the total number of appeals pending before the tribunal indicating the year of registration of these appeals. Sir, this table gives the year of registration *i.e.* one appeal is pending of the year 1974, that is,the appeal was registered in 1974 is still pending. then one appeal of the year 1976 which is still pending and in 1986 the cases registered and still pending are 892.

Mr. Chairman: At any rate the totals do not tally, kindly recheck them.

Mr. Wasim Sajjad: Yes Sir, I will recheck them.

Mr. Chairman: Thank you.

Lt. Gen. (Retd) Saeed Qadir: Point of order, Sir.

Mr. Chairman: Janab Saeed Qadir Sahib.

Lt. Gen. (Retd) Saeed Qadir: Mr. Chairman. Sir, the Rules of Produre and conduct of Business in the Senate to introduce soon after the Senate Session was commenced,it is now more than a month, I

think, it is time that these are brought up for discussion. I, therefore, propose that this matter be taken up immediately during this week for consideration of the Senate.

Mr. Chairman: Well, the Rules have been laid on the Table of the House. They are property of the House and either the honourable Minister or any other member particularly those who are members of the committee, who assisted me in the revision of those rules, they can move a formal motion which will then be brought on the Orders of the Day.

Lt. Genl. (Retd.) Saeed Qadir: Can I move, Sir?

Mr. Chairman: So, kinkly move a formal motion.

Lt. Genl. (Retd.) Saeed Qadir: Right Thank you.

جناب چیئرمین :۔ مولانا صاحب، آپ پوائنٹ آف آرڈر پر کچھ کہنا چاہتے تھے ۔

مولانا کوثر نیازی :۔ میں نے دو ماہ قبل آپ کی خدمت میں ایک سوال بھیجا تھا جس میں، میں نے یہ پوچھا تھا کہ ۱۹۸۰ء سے ۱۹۸۵ء تک، صدر مملکت کے ساتھ حج اور عمرہ کرنے والوں کے نام کیا ہیں اور ان پر کتنا خرچ آیا ہے۔ یہ سوال آپ نے از راہ کرم kill نہیں کیا مگر دو تین دفعہ یہ آیا بھی اور ڈیفر ہوتا رہا۔ کیا آپ از راہ کرم متعلقہ محکموں پر یہ زور دیں گے کہ کم از کم اس سیشن میں اس کا جواب آجائے۔

جناب چیئرمین :۔ میں تو ضرور کوشش کرتا ہوں مگر وجہ کیا ہے، کوئی اس کا جواب دے سکتا ہے۔

Does anybody know about this from the government side ?

میرے خیال میں، وزیر متعلقہ موجود نہیں ہیں۔ یا پھر محمد علی خان صاحب، آپ اس کا نوٹس لے لیں۔

جناب محمد علی خان :۔ بہتر جناب۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین :۔ اچھا، اب رخصت کی درخواستیں ہیں۔

جناب شاد محمد خان صاحب اپنی مصروفیات کی بنا پر ۵ فروری ۱۹۸۷ء کو ایوان میں شرکت

[Mr. Chairman]

نہیں کر سکے۔ اس کے لئے انہوں نے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت کی درخواست منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب فضل آغا صاحب اپنی مصروفیات کی بنا پر یکم فروری تا ۵ فروری ۱۹۸۷ء اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت کی درخواست منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب چوہدری رحیم داد صاحب نے ناگزیر وجوہات کی بنا پر ایوان سے ۹ فروری کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان رخصت کی درخواست منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب محمد اسلام شیخ صاحب اپنی گھریلو مصروفیات کی بنا پر ایوان میں ۱۴ جنوری تا ۳۱ جنوری شرکت نہ کر سکے، ایوان سے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے ضروری مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۵ تا ۱۰ فروری بھی رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت کی درخواست منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب محمد ابراہیم بلوچ صاحب، وزیر خوراک اطلاع دیتے ہیں کہ وہ طبیعت کی ناسازی کی وجہ سے آج کے اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

PRIVILEGE MOTION

جناب چیئرمین: تحریک استحقاق نمبر ۲۹، جناب محمد طارق چوہدری صاحب،

(i) *RE* : FAILURE TO TAKE THE HOUSE INTO CONFIDENCE REGARDING BILATERAL AGREEMENT BETWEEN INDIA AND PAKISTAN ON DE-ESCALATION OF TENSION ON THE BORDERS.

جناب محمد طارق چوہدری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، شکریہ، جناب چیئرمین! میں حال ہی میں وقوع پذیر خاص اہمیت کے حامل مسئلہ کو جو سینیٹ کی دخل اندازی کا متقاضی ہے، زیر بحث لانے کے لئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہے۔

مسئلہ یہ ہے کہ پاک بھارت سرحدی کشیدگی کے سلسلے میں پاکستان اور بھارت کے خارجہ سیکرٹریوں کے مابین کئے گئے معاہدہ کے بارے میں اخبارات میں خبریں شائع ہو رہی ہیں لیکن نہ تو اس معاہدہ کی مکمل تفصیلات بیان کی گئی ہیں اور نہ ہی اس ایوان کو اس کے مندرجات اور حقائق سے آگاہ کرتے ہوئے اعتماد میں لیا گیا ہے۔ جبکہ آئین کی رو سے حکومت پابند ہے کہ وہ تمام ملکی امور میں بالعموم اور قومی سلامتی سے متعلق بالخصوص ایوان کو اعتماد میں لے مگر حکومت کی جانب سے اس وقت تک کوئی ایسا اقدام نہیں کیا گیا جس کی بنا پر ایوان کے حقوق کی پامالی ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین: وقت بچانے کے لئے میں آپ کی خدمت میں عرض کردوں کہ آج کا جو ایجنڈا ہے اس میں پہلا جو آئیٹم ہے وہ یہ ہے کہ

Miniutes of the Agreements between the two Foreign Secretaries

اس کی کاپی ایوان کی میز پر رکھنے کے لئے کہا گیا ہے۔ اس طرح موشن infructous ہو جاتا ہے۔

Apart from the fact whether it was admissbile otherwise or not.

جناب محمد طارق چوہدری: ٹھیک ہے جناب، میں اس سے اتفاق کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: شکریہ! اگلی تحریک استحقاق سید عباس شاہ کے نام پر ہے۔

(ii) *RE*: THE 'JANG' MINI-ASSEMBLY MEETING HELD ON 9-2-87

Syed Abbas Shah: Sir, I raise the question that the privilege of Parliament has been breached by the daily 'Jang' by staging a proposed show of a "Mini Assembly" on the 9th February, 1987, at Lahore. Now they have postponed it to 13th February. Through this show the management of the daily 'Jang' is clearly trying to ridicule the status of the National Assembly which is a part of Parliament and the Chair of the Speaker. The management of daily 'Jang' publicly insults the members of the Parliament presenting them as stage actors in their proposed "Mini Assembly".

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Mr. Muhammad Ali Khan: Yes, Sir.

جناب چیئرمین : تھوڑی بہت تشریح اگر آپ کرنا چاہتے ہیں تو کریں ۔

سید عباس شاہ : پریولج کے بریچ ہونے کے متعلق قاعدہ ۵۹ میں جو مذکور ہے اس کے مطابق

This matter concerns a specific matter.

The question relates to a specific matter ;

The matter requires the intervention of the Senate.

پارلیمنٹ ، اسمبلی کے ممبرز کو invite کیا گیا ہے ۔

which is a part of the Parliament and the intervention of the Senate is necessary to see to it.

جیسے اسمبلی انہوں نے propose کی ہے

This is just like putting the members like actors

کراچی آج یہ تماشا لاہور میں ہوگا اور کل یہ آئے گا کہ ہم اسمبلی ممبرز کو لے جا رہے ہیں کراچی میں ایک تماشا ہے ، وہاں پر بھی تماشا کیا جائے گا ۔

The Parliament which means the Senate and the National Assembly, is the highest forum of the country and if they are taking these Houses in this way in the public places. It is just an insult to the Assembly.

جناب والا ! اگر 'جنگ' اخبار کو دیکھا جائے تو

It is always full of its advertisements.

یعنی اس میں سے نہیں ، حکومت کی سرپرستی سے آج وہ اس حد تک پہنچ گیا ہے کہ آج وہ اسمبلی کے ممبران کی بے عزتی کے لئے تیار ہو گیا ہے ۔

They are putting a Speaker in the Chair.

جس کی بجائے وہ سیمینار کال کر سکتے تھے ۔

There was forum. They could call that forum.

اس میں دو یا تین ممبر بات کر سکتے تھے ۔

If they needed something or some information. But staging an Assembly is almost in a way forming another I would say, forming another government.

اور ممبرز بھی

They are inviting members in these assemblies who are very much elected by the public and their role is only in the Assembly when they are acting like Assembly members. So, they should not be treated like stage actors and it is really very ridiculous idea which they are putting up and they are advertising daily.

کراچی شو ہو رہا ہے اسمبلی کے ممبران کا، آپ لوگ آئیں اور اس میں شریک ہوں ۔

This is really a thing which requires the intervention of the Senate.

Mr. Chairman: Janab Kazi Sahib.

Kazi Abdul Majid Abid: With all the deference that I have for the honourable Senator who has moved this privilege motion. I humbly submit that if the members of the Parliament whether of the Senate or the National Assembly themselves voluntarily accept invitations to go for stage show or whatever it is, (It is not actually a stage show that they are organizing under the 'Jang' forum. It is something of the kind of debate or a gathering), Sir, I do not understand how it causes breach of privilege of the honourable members of this august House?

'Jang' is an independent paper and the policy of this government and it is the demand of the honourable members over here as well as in the National Assembly and outside the assembly to give freedom to Press. The public representatives want the freedom of speech, freedom of writing. Now, how could we possibly put any restrictions on an independent newspaper. If it were some paper connected with the NPT, it could be understood that it is our paper and we exercise some control over it but on this newspaper this government has certainly no control at all and it is merely giving them advertisements. It also, Sir, serves double purpose. We give

[Kazi Abdul Majid Abid]

advertisements. The government patronizes newspapers. Advertisements are given only or the basis of their circulation as we need maximum publicity for these advertisements. Advertisements are based on A, B, C, certificate which certifies the circulation of a newspaper. We are not obliging them actually. But even if it is presumed that we are patronizing them this does not cause any breach of the privilege of this august House. This is my humble submission and I urge that the privilege motion should be ruled out of order.

Mr. Chairman: There are two aspects of this issue. One is the holding of the so-called Mini-Assembly by 'Jang' newspaper. Now according to that word which has been filed with the motion. it says, 'Jang Mini Assembly'

پاکستان کی قومی اسمبلی میں چاروں صوبوں سے تعلق رکھنے والے متعدد ارکان شرکت کریں گے۔ قومی اسمبلی کی ایک "معروف ترین شخصیت" "منی اسمبلی" میں "سپیکر" کے فرائض انجام دے گی شمولیت کرنے والے ارکان آج کے "اہم ترین اور سنگین ترین" مسئلہ پر اظہار خیال کریں گے بعد میں "کھلی بحث" ہوگی اور "وقفہ سوالات" میں دیگر حاضرین اور سامعین بھی چیئرمین کی اجازت سے فاضل مقررین سے سوال کریں گے۔ تاریخ ۹ فروری وقت ۳۰-۲ بجے، وغیرہ

Now it raises two questions. One holding of "assemblies" and "parliaments" I remember as a student it used to be a regular extra curricular activity in all educational institutions. Now at that time I don't remember that any assembly or any parliament raised the question of breach of their privilege by the colleges holding such parliaments and I think they were a true replica of what much later in my life I saw was being done in parliaments or in assemblies. The second is that mock trials are held. I think you must have seen them even on the TV today in which judicial system of the country is criticised even ridiculed but I have yet to see any court taking cognizance of such thing as a contempt of court or as a breach of their privilege. Now this is one aspect. We have to be a little more tolerant as I have been saying in these matters.

The second is and in this connection I will draw attention of the House to the ruling which I gave only a few days back in some other connection. I think this was on the 2nd of February, I tried to explain what is meant by term parliamentary privilege and there I had said

parliamentary privilege has been defined as the sum of the particular rights enjoyed by each House, of parliament collectively and by members of each House individually without which it is thought that it would not be possible for either House to maintain its freedom, independence of action or the authority and dignity of its position or for members to effectively discharge the function entrusted to them. The point, and this is what I had stressed to be noted here, is that the privilege belong to each House individually, and each House exercises its own privilege independently of the other. Each House is also the guardian of its own privileges and is the sole authority to adjudge and censure any infringement of these privileges.

Now, in what I have read out from the advertisement, there is not a single reference to the Senate as such and I am sure the National Assembly is a competent powerful forum to safeguard of its own interest if it so wishes. And if anybody feels genuinely that there has been a breach of privilege by the newspaper, I think that body should be the National Assembly and we have no right to encroach up on their privileges or to judge for them whether this is a breach of privilege or not. It has not in any way affected the functioning of the Senate.

So, the motion will have to be ruled out on this account.

Next Hussain Bakhsh Bangulzai Sahib.

(iii) *RE* : REMARKS GIVEN BY THE LEADERS OF UNITED SHARIAH FRONT IN A PUBLIC MEETING AFFECTS THE WORKING OF THE MEMBERS OF THE HOUSE

میر حسین بخش بنگلزئی: میں اس واضح اور فوری نوعیت کے حامل مسئلے پر تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں، روزنامہ "جنگ" لاہور مورخہ ۷ فروری ۱۹۸۷ء میں شائع شدہ ایک خبر کے مطابق پشاور میں متحدہ شریعت محاذ کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے اس کے رہنماؤں نے کہا "اگر شریعت بل منظور نہ ہوا تو نہ صدارت رہے گی، نہ وزارت عظمیٰ، بل کی مخالفت کرنے والے منافق ہیں اور پارلیمنٹ کے اندر اور باہر منافقانہ پالیسی اختیار کی گئی ہے"۔

متحدہ شریعت محاذ کے رہنماؤں کے ان ریمارکس سے جو انتہائی توہین آمیز ہیں اور پارلیمنٹ اور

[Mir Hussain Bukhsh Bangulzai]

اس ایوان کے استحقاق کو بری طرح مجروح کرتے ہیں اور اس سے بحیثیت رکن سینیٹ میرا استحقاق بھی مجروح ہوا ہے، لہذا میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ یہ معاملہ استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

Mr. Chairman: It is being opposed?

Mr. Wasim Sajjad: Sir, it is a very awkward position to be in, because this is a matter which also concerns an honourable colleague who is sitting in the House. But after the honourable gentleman has made a statement I would also respond to the law on that point

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، جناب وضاحت کریں۔

میر حسین بخش بنگلزئی: جناب چیئرمین! جہاں تک اس تحریک استحقاق کا تعلق ہے یہ رول ۵۹ کے تمام لوازمات کو پورا کرتا ہے، ۶ تاریخ کو جلسہ عام ہوا ہے، سات تاریخ کے "جنگ" اخبار میں یہ خبر پہلے صفحہ پر شہ سرخی سے چھپی ہے اور یہ ۸ تاریخ کو میری نظروں سے گزری ہے اور اسی وقت میں نے اس کا نوٹس سینیٹ سیکرٹریٹ کو دیا ہے، جہاں تک اس خبر کی شہ سرخی اور اس کی تفصیلات کا تعلق ہے جو کہ ریکارڈ پر موجود ہیں، میں اس سلسلے میں اس کی وضاحت ان الفاظ کے ساتھ کرنا چاہوں گا کہ اس شہ سرخی کے اندر دو باتیں واضح طور پر موجود ہیں، پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ بیان موجودہ حکومت کے لئے ایک چیلنج اور threat ہے، حکومت کے لیے challenge اور threat اس انداز میں ہے کہ صدارت اور وزارت عظمیٰ کی بات اس میں کہی گئی ہے، صدارت کا جہاں تک تعلق ہے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ اس ملک کا صدر ملک کے اندر واضح ریفرنڈم کے ذریعے، عوام کے ووٹوں سے پانچ سال کے لئے صدر منتخب ہوا ہے، اور اس . . . .

جناب چیئرمین: میں آپ کی تقریر میں مداخلت نہیں کرنا چاہتا لیکن اتنا عرض کروں گا کہ حکومت اور جہاں تک اس ہاؤس کا استحقاق ہے یہ دو مختلف چیزیں ہیں۔ سیاسی حکومتیں ہوتی ہی اس لئے ہیں کہ ان پر نکتہ چینی کی جائے سب دنیا جہاں کی گالیاں یعنی this is one of the hazards of political life کہ وہ باتیں آپ نے سنی ہیں۔ ہم admissibility پڑھیں۔ اب آپ یہ ثابت کریں کہ اس

سے اس ایوان کا کس طریقے سے directly یا indirectly استحقاق مجروح ہوا ہے۔

میر حسین بخش بنگلزئی :۔ جناب! میں اس پر آ رہا ہوں، جناب والا! اس وقت شریعت بل اپنی خواندگی کے لئے اس معزز ایوان میں پیش ہے، کوئی بھی بل جب ایوان کے اندر پیش ہو تو اس ایوان کے معزز اراکین کو یہ آئینی اختیار حاصل ہے کہ اس بل کی وہ مخالفت میں بولیں، موافقت میں بولیں یا تزمیمانہ انداز میں بولیں، یہ ان کا آئینی حق ہے اگر کوئی بھی ممبر اس ایوان کے اندر اس بل کی مخالفت میں انتہائی ایمانداری، دیانت اور اپنے ضمیر کے مطابق اظہار خیال کرتا ہے اور اس اظہار خیال کے بعد اس کے ان الفاظ کو لے کر جلسہ عام کے اندر اس کو منافق کہا جائے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ یقیناً اس باعزت ایوان کے باعزت رکن کے لیے ہتک آمیز ہے اس سے اس ایوان کے ہر رکن کا وقار مجروح ہوتا ہے۔

دوسری بات یہ ہے جناب کہ انہوں نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کے اندر، جہاں تک پارلیمنٹ کا تعلق ہے چونکہ سینٹ پارلیمنٹ کا اپر ہاؤس ہے اور اپر ہاؤس کی حیثیت سے سینٹ کے اوپر یہ الزام لگانا کہ سینٹ نے منافقانہ رویہ اس بل کے سلسلے میں اختیار کر لیا ہے، میں یہ سمجھتا ہوں اور یہ حقیقت بھی ہے کہ یہ سینٹ کے اس اعزاز کے اور اس کے اس آزادانہ اظہار خیال کے بالکل منافی ہے، لہذا سینٹ کو بحیثیت ہاؤس کے اور سینیٹرز کو بحیثیت ممبرز کے جلسہ عام میں یہ کہہ دینا کہ وہ منافقانہ رویہ اختیار کر چکے ہیں، میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی ہتک آمیز ہے اور اس سے سینٹ اور سینٹ کے اراکین کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا میں التماس کروں گا کہ اس ہاؤس کے اس اعزاز کا دفاع کرنے کے لئے یہ انتہائی ضروری ہے کہ اس تحریک استحقاق کا نوٹس لیا جائے اور اسے استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے، شکریہ!

جناب چیئرمین :۔ بحث صرف ایڈمسبلٹی پر ہو رہی ہے اور اگر آپ اپنی معروضات کو مختصر رکھیں تو بہتر ہوگا۔ شکریہ!

قاضی عبداللطیف :۔ ان کی تحریک استحقاق کے متعلق ہے؟ یہ معلوم نہیں ہو سکا۔

میر حسین بخش بنگلزئی :۔ جی ہاں، میں اس کی وضاحت کرنا چاہوں گا۔

جناب چیئرمین :۔ بعد میں آپ کریں۔ جی فرمائیے قاضی صاحب۔

قاضی عبداللطیف :۔ مجھے بولنے دیجئے۔ یہ اخبار کے خلاف ہے یا متحدہ شریعت محاذ کے خلاف ہے۔ یا متحدہ شریعت محاذ کے بعض خاص افراد کے خلاف ہے یہ اس میں کوئی وضاحت نہیں ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس میں کسی کا نام تک نہیں لیا گیا کہ یہ منافقانہ چال کس نے کی ہے۔ اس کی مثال تو یوں ہے۔ لوگ ایک جنازہ لیے جا رہے تھے اور رونے والے اس کے ساتھ رو رہے تھے۔ کہ ہائے تم ایسے گھر جا رہے ہو جہاں کھانا نہیں ہے۔ جہاں پینا نہیں ہے۔ جہاں بچھونا نہیں ہے۔ جہاں چارپائی نہیں ہے تو ایک میراثی اس کے ساتھ جا رہا تھا اس نے پوچھا بابا! کیا اسے ہمارے گھر لے جا رہے ہو۔ لوگوں نے کہا اے بدبخت انسان اسے تو قبرستان لے جا رہے ہیں اس نے کہا کہ نشانیاں تو سب وہی ہیں جو ہمارے گھر کی ہیں نہ چٹائی ہے نہ چارپائی ہے نہ کھانا ہے نہ پینا ہے۔ تو سوال یہ ہے کہ اگر کسی نے یہ کہہ دیا ہے کہ جو مخالفت کرتے ہیں اس بل کی تو وہ منافقانہ چال چل رہے ہیں تو اس کو کوئی شخص اپنی طرف منسوب کرتا ہے تو میرے خیال میں وہ اپنے ہی انداز کے لحاظ سے سوچتا ہے۔ اس کے اندر یہ تو نہیں کہا گیا کہ فلاں منافق ہے یا فلاں شخص نے منافقت کی ہے۔ اگر یہ کہا گیا ہے کہ ملک کے اندر یہ ہو رہا ہے اور یہ منافقانہ چال چلی جا رہی ہے۔۔۔۔

Mir Hussain Bakhsh Bangulazi: Excuse me Sir.

جناب چیئرمین :۔ آپ کو بھی وقت مل جائے گا۔ پہلے آپ سن لیں۔ جی قاضی صاحب فرمائیے۔

قاضی عبداللطیف :۔ مجھے بولنے دیجئے۔ آپ بولیں پھر میں بھی عرض کروں گا۔ تو گزارش یہ ہے جناب والا! کہ ملک کے اندر جس طریقے سے ہم نے کہا ہے کہ چالیس سال سے یہ رویہ اختیار کیا جا رہا ہے ہم اس کو کیا نام دیں۔ بنگلزئی صاحب، ہمیں اس کا نام بتا دیں کہ اس کے مطابق ہم نے اس کو کیا نام دینا ہے۔ ۴۰ سال سے دستور میں تو یہ لکھا گیا ہے کہ قرآن وسنت ہو گا اور قرآن وسنت کے خلاف کوئی قانون نہیں ہو گا اور جو قانون بنے ہوئے ہیں ان کو بھی قرآن و سنت کے مطابق بنایا جائے گا۔ لیکن آج تک ہم نے اس کا نمونہ دیکھا تو نہیں ہے۔ اب اگر وہ فریاد کرتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے ہمارے ساتھ اور ملک کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ تو انہوں نے ایک حقیقت کا اظہار کیا ہے۔ کہ عام طور سے یہ ہمارے ساتھ ہو رہا ہے اس میں کسی کے استحقاق کے مجروح ہونے کا کون سا سوال پیدا ہوتا ہے؟

جناب چیئرمین :۔ شکریہ! جناب سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق :۔ جناب چیئرمین صاحب! یہ ایوان اور یہ پارلیمنٹ کوئی نامزد ادارے نہیں ہیں۔ بلکہ یہ عوام کے ووٹوں سے منتخب ہو کر آئے ہیں اور عوام کو الیکشن کے وقت ایک سلوگن دیا گیا تھا کہ ہم جاتے ہی یہاں اسلامی نظام کے بارے میں عملی اقدامات کریں گے اور اسے نافذ کریں گے۔ اسی طرح ان ایوانوں کی بنیاد کے پس منظر میں ریفرنڈم ہے اور ریفرنڈم میں بھی لازمی طور پر یہ کہا گیا تھا کہ اگر ہمیں موقع دیا گیا تو ہم اسلام کی خدمت کریں گے تو اگر عوام نے کسی ادارے کو منتخب کیا ہو تو عوام کا حق ہے کہ اس ادارے کو اپنے اصل فرائض کی طرف متوجہ کرائے۔ مطالبات کی شکل میں، جلسے جلوسوں کی شکل میں اور ریفرنڈم کی وجہ سے صدر کو اور اس الیکشن کی وجہ سے وزیراعظم اور اس ایوان کو تھریٹ بھی دے سکتے ہیں کیونکہ اس کا سارا پس منظر ہی اسلامی نظام اور اسلامی قوانین کا نفاذ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ایوان کا استحقاق مجروح نہیں ہوا بلکہ ایوان کو اصل فرائض کی طرف توجہ دلائی ہے جیسے انسان شاگرد یا بچے کو ڈانٹ ڈپٹ کرتا ہے کبھی ایسا نہ کیا تو ایسا کروں گا۔ یہاں بھی یہ کہا گیا ہے کہ اگر آپ لوگوں نے اسلام نافذ نہ کیا تو آپ منافق ہوں گے۔ تو اس کے بعد اگر نافذ نہ کیا تو پھر کیا ہوں گے آپ ہمیں بتا دیں۔

Mr. Chairman: Would you like to explain the legal side.

Mr. Wasim Sajjad: Sir, the basic lesson.......

قاضی عبداللطیف :۔ پوائنٹ آف آرڈر، میں محترم وزیر صاحب سے اتنی گزارش کروں گا اگر وہ اردو میں اظہار فرمائیں تو ہم زیادہ استفادہ کر سکیں گے۔ آپ کی بڑی عنایت ہوگی۔ آپ اس ملک کے رہنے والے ہیں۔

جناب چیئرمین :۔ ہر ایک کی اپنی مشکلات ہوتی ہیں۔

جناب وسیم سجاد :۔ موضوع اہم ہے اور اس میں چونکہ کچھ قانونی حوالہ جات ہوں گے لہذا میں استدعا کروں گا کہ آج مہربانی کر کے قاضی صاحب وہ ایئر فون لگا لیں تو سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

مولانا سمیع الحق :۔ آج ہم مان لیتے ہیں لیکن اس کے بعد اردو میں تقریر کیا کریں۔

جناب چیئرمین :۔ آپ تشریف رکھیں۔

جناب وسیم سجاد :- میں جناب اردو میں تقریر کرنے کو تیار ہوں۔ بشرطیکہ مولانا سمیع الحق انگریزی میں تقریر کریں۔

So, Sir, I was with great respect submitting that the basic lesson which democracy teaches us is tolerance–tolernace of the other prson's point of view and it is this basic lesson which engenders unity, which strengthens institutions of democracy and which makes us all participants in the same process.

Now, in parliamentary democracy there is a basic principle that if there is any act, any statement which hinders or impedes a member of parliament in the performance of his functions then that act does amount to a breach of privilege. That is a basic principle. In this news item there is no direct reference as such but there is reference to the Prime Minister who is the Leader of the House, there is a reference to people who have opposed the Shariat Bill and I may say with respect that certain members of this House have out of conscience, out of conviction, out of their understanding of the provisions of Islam and the process of Islamization have opposed this present Shariat Bill. They have not opposed Shariat. We are all agreed on Shariat. We are all Muslims. We are committed to Islam. This government is committed to Islam but there is an honest difference of opinion between certain members of this House as to how this objective is to be achieved. There is a certain section, certain honourable members and although some members may differ with them, we have the highest respect for them—they are 'Aalims', we have great respect for them, we have deep respect for them and I think the members on the other side whoever they might be, they have an honest difference of opinion on this point.

مولانا سمیع الحق :- پوائنٹ آف آرڈر، یہ جو کچھ فرما رہے ہیں یہ ایڈمسبلٹی کے متعلق فرما رہے ہیں۔ استحقاق کے متعلق تو ضرورت ہی نہیں ہے۔ ایڈمسبلٹی سے میرا خیال ہے اس کا تعلق نہیں ہے۔

جناب چیئرمین :- وہ میرا فرض ہے کہ میں جج کروں کہ ایڈمسبلٹی ہے یا نہیں ہے۔ جو ایڈمسبلٹی سے باہر بات کریں گے تو میں انہیں خود روکوں گا۔ جناب۔

Mr. Wasim Sajjad: I was submitting your honour that the members on this side of the House who have opposed this Bill, understand fully that the honourable gentlemen who have proposed this Bill, who are supporting this Bill or people outside, they are doing it out of their convinction but the members on this side are also doing it out of their conviction. Therefore, to attack any member on the ground that you are a منافق if you are opposing this Bill or that there will be no وزارتِ عظمیٰ left in this country if you oppose this Bill, Sir, does *prima-facie* amount to interference in the performance of functions of the members. On this, Sir, I would like to draw your attention to an earlier motion of a similar nature. Mr. Javed Jabbar who is present here in this House today, had moved a motion against a statement of a similar nature by Prof. Mahmud Azam Farooqi or Maulana Mahmud Azam Farooqi in which he had said that any Assembly member who opposed the Shariat Bill will not be allowed to return to his home and he should be 'gheraod' etc. That motion was admitted and referred to the Privileges Committee. So that is the principle that I was trying to explain to you, Sir, that if you come to this conclusion and that is entirely your judgement and I do not want to make any comment on that because they are all my honourable colleagues and as I said it is a difficult position to be in, but the principle is that if you Sir, come to the conclusion that this statement was made deliberately and it has the effect of impeding a member of this House or a person who can speak and participate in the proceedings of the House in the performance of his functions or that it amounts to a threat or intimidation, then *prima-facie* Sir, this would be a breach of privilege. Thank you Sir.

جناب چیئرمین :۔ آپ اور کچھ اگر فرمانا چاہتے ہیں تو آپ وہ کہیں ۔

میر حسین بخش بنگلزئی :۔ جناب! جہاں تک اس بل کی ایڈمسبلٹی کا تعلق ہے اس سلسلے میں وزیر قانون صاحب نے جس انداز میں بات کی ہے مجھے اس سے پورا پورا اتفاق ہے لیکن اس کے علاوہ دونوں مولانا میرے انتہائی محترم ہیں اب اگر وہ یہ کہتے ہیں کہ کوئی شخص اس بل کی مخالفت نہ کرے اور کرے تو اگر اس کو منافق نہ کہا جائے تو کیا کہا جائے ۔ اس کے لئے بھی انہوں نے مجھے question کیا ہے ۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ سوال ہی بنیادی طور پر غلط ہے ۔ سوال یہ ہے کہ ایک شخص کو آئینی طور پر مکمل خود اختیاری حاصل ہے کہ پارلیمنٹ کے اندر کسی بھی معاملے میں اپنے خیالات کا اظہار کرے لیکن پارلیمنٹ سے

[Mir Hussain Bukhsh Bangalzai]

باہر کسی کو بھی اس بات کا آئینی حق اور اختیار نہیں ہے کہ وہ کسی شخص کو اس کے خیالات کی وجہ سے منافق کہے، اس کو میں اپنے لئے نہیں لے رہا ہوں جیسا کہ محترم قاضی صاحب نے فرمایا، اس بل پہ پورے ہاؤس نے بحث میں حصہ لیا ہے۔ یہ ہاؤس چونکہ اس وقت سیشن میں ہے اس لئے اگر سیشن میں نہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ باہر سے ہاؤس کے ممبرز کو منافق کہہ کر پھر ان پر یہ دباؤ ڈالا جا رہا ہے کہ ایک particular Bill کو جو دو پرائیویٹ ممبرز کی طرف سے پیش کیا گیا ہے من وعن اور کسی بھی طریقے سے اس کو پاس کریں otherwise they are *Munafiqs* اس لحاظ سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بریچ آف پریولج ہے سر، شکریہ۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں یہ موشن کچھ mis understanding اور کچھ غلط مفروضے پہ based ہے۔ جتنے اخبارات کے حوالے دیئے گئے ہیں اور جو ہمارے پاس بھی پہنچے ہیں ان کو میں نے سٹڈی کیا ہے۔ پہلا مفروضہ یہ ہے کہ منافق کا لفظ کس context میں استعمال کیا گیا ہے۔ وہ سینٹ کے متعلق یا سینٹ کے ممبران کے متعلق کیا گیا ہے یا حکومت کے متعلق کہا گیا ہے اور جیسے میں نے پہلے عرض کیا میں سینٹ کے حقوق، سینٹ کے ممبران کے حقوق اور حکومت کے اپنے حقوق میں فرق محسوس کرتا ہوں۔ حکومت بالکل الگ چیز ہے سینٹ سے اور سینٹ کے استحقاق سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ پولیٹیکل گورنمنٹس تمام دنیا میں جہاں پر freedom of speech ہے freedom of expression ہے criticise کی جاتی ہیں۔ اب منافق میرے خیال میں سب سے کم ترین لفظ ہے جو ان کے ہاں استعمال کیا جاتا ہے criticism نرم لفظ ہے وہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اب میں آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں جو آپ کا مفروضہ ہے وہ کس sense میں غلط ہے۔ نائب صدر اول مفتی محمد نعیمی نے کہا کہ اگر مرکزی حکومت (نہ سینٹ کا نہ اسمبلی کا کسی کا یہاں پہ ذکر نہیں ہے) شریعت کے نفاذ میں تاخیری حربوں سے کام لے رہی ہے تو صوبائی اسمبلی شریعت کے نفاذ کا یہ اہم کارنامہ سرانجام دے سکے گی۔ سینیٹر قاضی عبداللطیف نے کہا کہ ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ پارلیمنٹ کے اندر اور باہر منافقانہ پالیسی اختیار کی ہوئی ہے۔ پارلیمنٹ کے اندر اور پارلیمنٹ کے باہر، یعنی سینٹ کے ممبران کا تو کوئی تعلق نہیں ہے پارلیمنٹ

کے اندر بھی کہ اگر آپ اس کے اندر بھی گرائمر کو دیکھیں، منافقانہ پالیسی اختیار کی ہوئی ہے وہ سینٹ کو ریفرنس نہیں ہے۔ ریفرنس اسی حکومت کو ہے جس کا پہلے مفتی محمد نعیمی نے۔۔۔۔۔۔۔

میر حسین بخش بنگلزئی: جناب بل تو سینٹ کے زیر بحث ہے۔

